# کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

## (اشتہار نیلام عام)

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی کینٹ میڈیکل سنٹر اقبال پارک روڈ نوشہرہ کینٹ کی بلڈنگ میں ایک عدد کمرہ خالی برائے میڈیکل سٹور (Pharmacy) کے لیئے ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر دینے کا خواہشمند ہے۔

کینٹ میڈیکل سنٹر اقبال پارک روڈ نوشہرہ کینٹ میں ایک عدد کمرہ خالی برائے میڈیکل سٹور (Pharmacy) کو ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر نیلامی مورخہ 28.05.2025 کو بوقت 11:00 بجے دن ، اگر بولی کسی وجہ سے نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی 29.05.2025 کو بوقت 11:00 بجے دن سہ بارہ بولی 30.05.2025 کو بوقت 11:00 بجے دفتر کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ میں منعقد کی جائے گی۔

شرائط:۔

1۔ نیلامی کیلئے کال ڈیپازٹ مبلغ 3 لاکھ روپے بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر نیلامی سے پہلے دفتر کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ میں جمع کروانا ہو گا۔

2۔ وہ حضرات جنہوں نے کال ڈیپازٹ، قومی شناختی کارڈ اور فارمیسی لائسنس بمعہ اسناد جمع کروایا ہو گا وہی بولی میں حصہ لے سکیں گے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کے لئے فارمیسی کونسل کے ساتھ رجسٹریشن لازمی ہے۔

4۔ ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لیسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہو گا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

5۔ نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہو گی اور ماہانہ کرایہ میں افراط زر کے مطابق یا کم از کم 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہو گی۔

6۔ 05 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد کینٹ بورڈ فیصلہ کریگا کہ آیا اس میڈیکل سٹور (Pharmacy) کو مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق دوبارہ نیلام کیا جائے یا موجودہ کرایہ دار کو دیا جائے۔ اگر بورڈ موجودہ کرایہ دار کو میڈیکل سٹور (Pharmacy) دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو ماہانہ کرایہ میں مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق اضافہ کر کے تجدید کرایہ داری کی مدت میں 02 دفعہ توسیع 05،05 سال کیلئے کر سکتا ہے۔ جس میں ہر توسیع کے پہلے سال مارکیٹ رینٹ سروے / موقع معائنہ کے مطابق یا کم از کم 25٪ اضافہ ہو گا۔ اور اس کے بعد ہر سال 10 فیصد یا مارکیٹ کے موجودہ افراط زر کے مطابق اضافہ ہو گا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کے بعد 07 دن کے اندر تین ماہ کا کرایہ بطور ایڈوانس سیکیورٹی جمع کرنے اور معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل کا پابند ہو گا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

9۔ قبضہ میڈیکل سٹور (Pharmacy) کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے ، تین ماہ کا کرایہ کے برابر بطور ایڈوانس سیکیورٹی اور اس کے علاوہ تین ماہ کا کرایہ بھی جمع کروانا ہو گا اور قبضہ معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل کے بعد دیا جائے گا. بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائی گی اور میڈیکل سٹور (Pharmacy) دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔ جس پر بولی دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہو گا۔

10- کامیاب بولی دہندہ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو (Sub Let/Transfer) کرنے کا مجاز نہ ہو گا تاہم کرایہ داری حقوق بورڈ کی منظوری کے بعد مجوزہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے تحت قابل تبادلہ ہونگے اور کرایہ داری کی بقایا مدت کے لئے نئے کرایہ دار کے ساتھ کرایہ داری کا معاہدہ کیا جائے گا۔

11- کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

12- کامیاب بولی دہندہ میڈیکل سٹور (Pharmacy) کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہو گا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہو گا۔

13- کینٹونمنٹ بورڈ منظوری سے قبل کسی بھی بولی کو مسترد کرنے کا مجاز ہے۔

14- دیگر شرائط دفتری اوقات میں کینٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

15- نیلامی بپیرا رولز 2004 کے مطابق ہو گی اور اشتہار بپیرا ویب سائٹ پر بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

المشتہر

کینٹ ایگزیکٹو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923-9220089

CamScanner